# ماڈل پیپر "تاریخ پاکستان"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

### حصہ معروضی

وقت: 30 منٹ

کل نمبر: 20

سوال نمبر 1- نوٹ- تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیئے۔ ہر سوال کے 4 (چار) ممکنہ جواب A، B، C اور D دیئے گئے ہیں جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جز A، B، C یا D کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے ایک دائرے کو پین یا مارکر کی سیاہی سے بھر دیں۔

(i) پاکستان کے پہلے وزیر دفاع کون تھے؟

(الف) ملک غلام محمد (ب) محمد ایوب خان (ج) لیاقت علی خان (د) سکندر مرزا

(ii) پنجاب کا پہلا وزیر اعلیٰ کون تھا؟

(الف) افتخار حسین ممدوٹ (ب) میاں افتخار الدین (ج) میاں ممتاز دولتانہ (د) مظفر علی قزلباش

(iii) پاکستان کا پہلا دستور کب نافذ کیا گیا؟

(الف) 14 اگست 1953 (ب) 23 مارچ 1956 (ج) 25 دسمبر 1951 (د) 16 اکتوبر 1951

(iv) معاہدہ تاشقند میں بھارت کی نمائندگی کس نے کی؟

(الف) پنڈت موتی لال نہرو (ب) جواہر لال نہرو (ج) اندرا گاندھی (د) لعل بہادر شاستری

(v) وحدت مغربی پاکستان (ون یونٹ) کب قائم کی گئی؟

(الف) 16 اکتوبر 1951 (ب) یکم جنوری 1955 (ج) 14 اکتوبر 1955 (د) یکم اپریل 1971

(vi) تحریک ختم نبوت کے وقت پاکستان کے وزیر اعظم کون تھے؟

(الف) ممتاز دولتانہ (ب) محمد علی بوگرہ (ج) ملک فیروز خان نون (د) خواجہ ناظم الدین

(vii) زرمبادلہ کمانے کے لئے بونس ووچر سکیم کس نے شروع کی؟

(الف) شوکت عزیز (ب) نواز شریف (ج) لیاقت علی خان (د) ایوب خان

(viii) پاکستان نے بنگلہ دیش کو کب تسلیم کیا؟

(الف) مارچ 1973 (ب) اپریل 1972 (ج) فروری 1974 (د) جولائی 1975

(ix) ذوالفقار علی بھٹو کو کس کے قتل کے الزام میں سزائے موت دی گئی؟

(الف) نواب اکبر بگٹی (ب) نواب مشتاق احمد گورمانی (ج) نواب محمد احمد خاں (د) احمد رضا قصوری

(x) اکتوبر 1947 میں آزاد کشمیر کی حکومت کا صدر کسے بنایا گیا؟

(الف) سردار عبدالقیوم خاں (ب) سردار ابراہیم خاں (ج) چوہدری غلام عباس (د) شیخ عبداللہ

(xi) پاکستان اور بھارت کے درمیان نہری پانی کا معاہدہ کب ہوا؟

(الف) 18 اکتوبر 1959 (ب) 19 ستمبر 1960 (ج) 25 اگست 1961 (د) 22 ستمبر 1966

(xii) دوسری دستور ساز اسمبلی کے ارکان کی تعداد کیا تھی؟

(الف) 79 (ب) 96 (ج) 80 (د) 104

(xiii) پاکستان غیر جانبدار تحریک کا رکن کب بنا؟

(الف) 1955 (ب) 1962 (ج) 1979 (د) 1985

Result.pk

(xiv) صدر ایوب نے مشرقی پاکستان کا گورنر کسے مقرر کیا تھا؟

(الف) نواب امیر محمد خاں (ب) عبدالمنعم خان (ج) عبدالصبور خاں (د) اختر حسین

(xv) فاطمہ جناح نے کس سال وفات پائی؟

(الف) 1962ء (ب) 1966ء (ج) 1967ء (د) 1969ء

(xvi) 1971ء کی جنگ کے دوران یو این او میں پاکستانی وفد کی قیادت کس نے کی؟

(الف) محمود علی (ب) نورالامین (ج) ذوالفقار علی بھٹو (د) راجہ تری دیورائے

(xvii) مشرقی پاکستان میں پاکستانی فوج کے کس کمانڈر نے ہتھیار ڈالے؟

(الف) راؤ فرمان علی (ب) اے کے نیازی (ج) ٹکا خان (د) اصغر خان

(xviii) ضیاء الحق نے پہلے عام انتخابات کب کروائے؟

(الف) 1983ء (ب) 1985ء (ج) 1986ء (د) 1988ء

(xix) افغانستان سے روسی فوجوں کے انخلاء کے لئے امریکہ، روس اور پاکستان کے درمیان جنیوا معاہدہ طے پایا کب؟

(الف) 15 مئی 1986ء (ب) 18 ستمبر 1987ء (ج) 16 اپریل 1988ء (د) 19 اگست 1988ء

(xx) جمعیت العلمائے پاکستان کے بانی کون تھے؟

(الف) مولانا شبیر احمد عثمانی (ب) مولوی غلام غوث ہزاروی (ج) مولانا مفتی محمود (د) مولانا شاہ احمد نورانی

Result . Pk

# ماڈل پیپر "تاریخ پاکستان"

## برائے انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ-II

## حصہ انشائی

وقت: 2:30 گھنٹے　　　　　　　　　　کل نمبر: 80

## حصہ اول

**سوال نمبر 2- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) حیدرآباد دکن پر بھارت نے کب قبضہ کیا؟

(ii) سٹیٹ بنک آف پاکستان کا افتتاح کس نے اور کب کیا؟

(iii) سب سے پہلے کس سربراہ ریاست نے پاکستان کا دورہ کیا؟

(iv) ذوالفقار علی بھٹو نے قادیانی مسئلہ کیسے حل کیا؟

(v) اعلان تاشقند کی کوئی سی دو شقیں لکھیں؟

(vi) وحدت مغربی پاکستان کا پہلا گورنر کسے بنایا گیا؟

(vii) سردار عبدالرشید کا تعلق کس صوبہ سے تھا؟

(viii) پہلی دستور ساز اسمبلی کس نے اور کب توڑی؟

(ix) حسین شہید سہروردی کی وزارت کب سے کب تک قائم رہی؟

(x) گوادر کی بندرگاہ کب اور کس سے خریدی گئی؟

(xi) پاکستان کا پہلا گورنر جنرل کون تھا اور آخری گورنر جنرل کون؟

(xii) منگلا ڈیم کا افتتاح کس کے دور میں اور کب ہوا؟

**سوال نمبر 3- کوئی سے 8 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔**

(i) پاکستان اور بھارت کے درمیان رن کچھ کے مسئلہ پر تصادم کب ہوا اور مسئلہ کیسے حل ہوا؟

(ii) ایل ایف او کا اعلان کس نے اور کب کیا؟

(iii) شیخ مجیب الرحمٰن کے چھ نکات میں سے کوئی سے دو نکات لکھئے۔

(iv) معاہدہ شملہ پر کس کس نے دستخط کئے؟

(v) ون مین ون ووٹ کی بنیاد پر پاکستان کے پہلے انتخابات کب منعقد ہوئے؟

(vi) پاکستان سیٹو کا ممبر کب بنا اور اس سے علیحدہ کب ہوا؟

(vii) پاکستان دولتِ مشترکہ سے کب علیحدہ ہوا اور کیوں؟

(viii) پنجاب ریڈکلف کمیشن میں مسلم لیگ کی نمائندگی کس نے کی؟

(ix) سارک میں کون کون سے ممالک شامل ہیں؟

(x) میثاق استنبول پر کس کس نے دستخط کئے؟

(xi) اسلامی سربراہی کانفرنس (O.I.C) کا صدر مقام کہاں ہے اور اس کا پہلا اجلاس کب ہوا تھا؟

(xii) افغانستان کے بارے میں جنیوا میں معاہدہ کب ہوا، پاکستان کی طرف سے اس پر کس نے دستخط کئے؟

Result.pk

سوال نمبر 4- کوئی سے 9 سوالات کے مختصر جوابات تحریر کریں۔

(i) بھارت نے پہلا ایٹمی دھماکہ کب کیا اور پاکستان نے کب؟

(ii) پاکستان بننے کے وقت صوبہ سرحد کا وزیرِ اعلیٰ کون تھا اور قائدِ اعظم نے اس کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

(iii) بلوچستان کو باقاعدہ صوبہ کا درجہ کب ملا؟

(iv) یحییٰ خان نے کتنے اعلیٰ سرکاری ملازمین کو برطرف کیا؟

(v) صدر ایوب خان نے زمین کی حد ملکیت کیا مقرر کی؟

(vi) 1973ء کا دستور کس تاریخ سے نافذ العمل ہوا اور اس کے نفاذ کے وقت پاکستان کا وزیرِ اعلیٰ کون تھا؟

(vii) بنگلہ دیش میں پہلا فوجی انقلاب کب آیا جس کے بعد پاکستان کے ساتھ بنگلہ دیش کے تعلقات خوشگوار ہو گئے؟

(viii) 1962ء کے دستور کے تحت صدر کے اختیارات پر چار جملوں میں تبصرہ کیجئے۔

(ix) حیات محمد خان شیر پاؤ کی موت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں اور اس کا کیا اثر ہوا؟

(x) پاکستان پیپلز پارٹی کی تشکیل کب اور کہاں ہوئی؟

(xi) پہلے مارشل لاء کے نفاذ کے وقت پاکستان کے وزیرِ اعظم کون تھے اور صدر کون؟

(xii) 1954ء کے عام انتخابات کے بعد مشرقی بنگال کا وزیرِ اعلیٰ کون بنا؟

(xiii) پنجاب کے پہلے مسلمان گورنر کون تھے؟

## حصہ دوم

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف تین سوالات کے جوابات تحریر کریں۔ 30=10x3

سوال نمبر 5۔ 1947ء میں پاکستان کو درپیش تین اہم ترین مسائل بیان کریں۔ 10

سوال نمبر 6۔ دستور 1956ء کی اہم خصوصیات بیان کیجئے۔ 10

سوال نمبر 7۔ پاکستان اور چین کے درمیان تعلقات پر جامع نوٹ لکھیے 10

سوال نمبر 8۔ مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے اہم اسباب کا تجزیہ کیجئے۔ 10

سوال نمبر 9۔ صدر ایوب خان اور ذوالفقار علی بھٹو کی صنعتی پالیسی کا تقابلی جائزہ لیجئے۔ 10

Result . PK